اگر نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کو پتے چل جائے کے اس کا کتنا بڑا گناہ ہے تو اس کا چالیس سال تک کھڑا رہے کر انتظار کرنا اس سے بہتر ہو گا کے وہ اس کے سامنے سے گزرے

ابو جُہیم بن حارث بن صَمّہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ” اگر نمازی کے سامنے سے گزرنے والے کو پتے چل جائے کے اس کا کتنا بڑا گناہ ہے تو اس کا چالیس سال تک کھڑا رہنا اس سے بہتر ہو کے وہ اس کے سامنے سے گزرے“ ابو نضر راوی کہتے ہیں کے مجھے نہیں معلوم کے آیا انہوں نے چالیس دن کہا، یا چالیس ماہ کہا یا پھر چالیس سال کہا۔

[صحیح] [متفق علیہ]

نماز پڑھنے والا اپنے رب کے حضور کھڑا ہو کر اس سے مناجات کررہا ہوتا ہے اور اسے پکار رہا ہوتا ہے جب اس حالت میں کوئی گزرنے والا اس کے آگے سے گزرتا ہے تو وہ مناجات میں انقطاع پیدا کرتا ہے اور نمازی کی عبادت میں خلل ڈالتا ہے اس لیے جو شخص اپنے گزرنے کی وجے سے نمازی کی نماز میں خلل انداز ہوتا ہے اس کا گناہ بہت بڑا ہے شارع نے بتایا کے اگر اسے علم ہو جائے کے اس کے گزرنے پر اُسے کتنا گناہ ملتا ہے تو وہ نمازی کے آگے سے گزرنے کے بجائے لمبی مدت تک اپنی جگے پر کھڑا رہنے کو ترجیح دے اس سے معلوم ہوتا ہے کے اس عمل سے بچنا چاہیے اور اس سے دور رہنا چاہیے

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3097

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY